نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام کے مشاغل

تصنیف لطیف

مفسر اعظم پاکستان شیخ الحدیث والقرآن

حضرت علامہ مولانا محمد فیض احمد اویسی رضوی نور اللہ مرقدہ

باہتمام

الحاج محمد احمد قادری اویسی

ادارہ تالیفات اویسیہ

0321-6820890
0300-6830592

محلہ اسلام الدین سیرانی روڈ سیرانی مسجد بہاولپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ رسولہ الکریم

امابعد! یہ رسالہ جلال الملت والدین امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رسالہ **اعلام الاعلام بحکم عیسیٰ علیہ السلام** کا ترجمہ مع معمولی اضافات از اویسی غفرلہٗ ہے اس کا آغاز کراچی بابُ المدینہ میں اور اختتام کوئٹہ بلوچستان میں ہوا۔ اس کے اکثر مضامین بحالتِ سفر تحریر میں آئے اس کا نام حضرت امام سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے رسالہ کے مطابق **اعلام ارباب العقول بشغل عیسیٰ علیہ السلام بعد النزول** رکھا۔

وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علیٰ حبیبہ الکریم وعلیٰ آلہ واصحابہ اجمعین

مدینے کا بھکاری الفقیر القادری ابوالصالح

محمد فیض احمد اویسی رضوی غفرلہٗ

بہاول پور۔ پاکستان ...... ۱۳ ربیع الآخر ۱۴۲۳ھ

☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ینزل عیسیٰ ابن مریم فیؤمهم فاذا رفع من الركعة قال سمع الله لمن حمده قتل الله الدجال اوظهر المؤمنين (رواہ ابن حبان فی صحیحہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوکر موجودہ لوگوں کی نماز کی امامت کرینگے جب سر رکوع سے اُٹھائیں گے تو کہیں گے اللہ نے حمد سن لی اور اللہ نے دجال کو قتل کردیا اور اہل ایمان کو غلبہ دے گا۔

شرح الحدیث...... حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس دن نماز میں سمع اللہ لمن حمدہ کہیں گے اور یہی جملہ قومہ میں کہنا مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اُمت کا خاصہ ہے جیسا کہ خصائص ومعجزات کے ابواب میں ہے۔

☆ عن ابی هريرة رضی الله عنه قال يهبط المسيح ابن مريم فيصلی الصلوات ويجمع الجمع
حضرت عیسیٰ علیہ السلام نازل ہوکر پانچوں نمازیں پڑھیں گے اور جمعہ وغیرہ قائم فرمائیں گے۔ (رواہ ابن عساکر)

فائدہ...... یہ اس بارے میں صحیح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہماری شریعت پر عمل کریں گے کیونکہ پانچ نمازیں اور جمعہ وغیرہ اُمتِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے نہ تھا۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیف تهلك امة انا اولها وعيسىٰ ابن مريم آخرها (رواہ ابن عساکر)

☆ یہ اُمت کیسے ہلاکت ہوسکتی ہے جبکہ میں اس کے اوّل میں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے آخر میں ہیں۔

☆ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیف تهلك امة انا اولها وعيسىٰ ابن مريم آخرها والمهدى من اهل بيتي في وسطها (ابن عساکر) یہ اُمت کیسے ہلاکت ہوسکتی ہے جبکہ میں اس کے اوّل میں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخر میں اور مہدی جو میرے اہل بیت سے ہیں درمیان میں ہیں۔